17/06/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

کنیڈا دورہ

کنیڈا Kananaskis قبرص کا اپنا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی آج ملکوں، دیگر مدعو ملکوں کے لیڈروں اور G-7 سمٹ میں شرکت کریں گے۔ وزیر اعظم G-7 میں بین الاقوامی تنظیموں کے سربراہوں کے ساتھ اہم عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

وزیرِ اعظم

بھارت اور قبرص نے دہشت گردی اور انتہاپسندی کی سبھی صورتوں کی سخت مذمت کی ہے۔ کے درمیان کل Christodoulides Nikos وزیرِ اعظم نریندر مودی اور قبرص کے صدر میں وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد جاری ایک مشترکہ اعلامیے میں دونوں ملکوں Nicosia نے سرحد پار کی دہشت گردی سے لڑنے کیلئے ایک جامع ، تعاون پر مبنی اور پائیدار نظریہ اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں لیڈروں نے پہلگام میں حالیہ دہشت گردانہ حملوں میں شہریوں کی بہیمانہ ہلاکت کی سخت مذمت کی ہے۔اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ دونوں لیڈروں نے اپنی متعلقہ دفاعی صنعتوں کے درمیان شراکت داری سمیت دفاع اور سلامتی میں تعاون کو مزید بڑھانے سے اتفاق کیا ۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے نئی دلی میں فوٹو جرنلسٹ اشیش شرما کی کافی ٹیبل کتاب ، لانچ کی۔اس موقعہ پر خطاب کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر Reimaging Jammu and Kashmir نے اگست 2019 میں دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد سے جموں و کشمیر میں ہونے والی مسلسل تبدیلیوناور مختلف شعبوں کی ترقی حقیقی انداز میں پیش کرنے کے لئے فوٹو جرنلسٹ آشیش شرما کی تعریف کی۔ ایل جی نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں انتظامیہ کی کوششوں کی بدولت خوف اور کسی بھی امتیاز سے پاک جموں کشمیر کے قیام کو اجا گر کیا ۔

ایم ایل اے ہندواڑہ

ایم ایل اے ہندواڑہ سجاد غنی لون نے ہنڈوارہ میں ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ہنڈوارا اسمبلی حلقہ میں مختلف سرکاری اسکیموں اور ترقیاتی منصوبوں کے نفاذ اور پیشرفت کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں مختلف محکموں کے سربراہان اور فیلڈ افسران نے جاری منصوبوں اور سکیمونسے جڑے اہم امور کے بارے میں تفصیلی جانکاری فراہم کی۔ ایم ایل اے موصوف نے کاموں کے ہم آہنگی اور بروقت عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیا ۔ انہوں نے حلقہ کے تمام شعبوں میں مساوی اور شفاف ترقی کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

رد و بدل

انتظامیہ میں حالیہ رد و بدل کے احکامات کے بعد کئی افسروں نے اپنے عہدوں کا چارج سنبھالا ہے ۔ اکشے لابرو نے کل سرینگر ضلع کے نئے ڈپٹی کمشنر کی حیثیت سے ، ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ڈپٹی کمشنر بڈگام ، ڈاکٹر اویس احمد نے فوڈ سول سپلائز اینڈ کنزیومر ایفئیرس کے ڈائریکٹر کشمیر کی حیثیت سے جبکہ فضل الحسیب نے سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر اور سرینگر اسمارٹ سٹی لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی حیثیت سے چارج سنبھال لیا۔

یوگا

21 جون کو یو گا کے 11 ویں بین الاقوامی دن کے سلسلے میں ملک بھر میں تیاریاں شد و مد کے ساتھ جا ری ہیں۔ اس سلسلے میں وادی کے مختلف اضلاع میں بھی متعلقہ افسران تیاریوں کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ لوگوں کی بھاری شرکت کے ساتھ یوگا تقریبات کا احسن انعقاد یقینی بنایا جا سکے ۔

یوگا کولگام

11 ویں بین الاقوامی یوگا ڈے سے قبل کولگام ضلع کے منی سیکریٹریٹ میں ڈپارٹمنٹ آف آیوش کولگام کی طرف سے آج ایک یوگا سیشن منعقد کیا گیا ۔ ہمارے کولگام نمائندے خورشید پڑرو سے بات کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ نوڈل آفیسر آیوش کولگام ڈاکٹر عبدالرحمان راتھر نے یوگا کی اہمیت کے بارے میں بتایا ۔

حج

فریضہ حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد جموں کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کا سلسلہ آج سے شروع ہو رہا ہے ۔ جموں کشمیر حج کمیٹی کی ایک نوٹفکیشن کے مطابق جو عازمین سرینگر سے چار مئی کو سفر محمود پر روانہ ہوئے تھے وہ آج کی پرواز سے واپس سرینگر پہنچ رہے ہیں ۔ پہلی پرواز آج شام ساڑھے آٹھ بجے متوقع ہے ۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بھٹ نے بڈگام کے چرار شریف علاقے کے دورے کے دوران وہاں درگاہ پر جاری ترقی اور بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا ۔ یہ دورہ آرکائیوز اور بحالی اسکیم کے تحت وسیع تر اقدام کا ایک حصہ ہے جس کا مقصد ضلع بھر میں ثقافتی اور ورثہ کے مقامات کے تحفظ اور ترقی دینا ہے۔

پلوامہ

آنے والے مقدس محرم کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے ضلع کے مختلف شیعہ آبادی والے علاقوں کا ایک تفصیلی دورہ کیا ۔ انہوں نے محرم الحرام کے متبرک ایام کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔

بانڈی پورہ

اُدھر ڈپٹی کمشنربانڈی پورہ منظور احمد قادری نے بھی ایک میٹنگ میں محرم الحرام کے سلسلے میں افسران کو تمام لازمی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ